اَلدَّرْسُ التَّاسِعُ وَالْعِشْرُوْنَ-29

آج ہم فعل سے متعلق درج ذیل چیزیں سیکھتے ہیں۔

1۔جملہ فعلیہ

الف) 1) فِعْل 2) اَنْوَاعُ الْفِعْل

ب) 1) فَاعِل 2) اَنْوَاعُ الْفَاعِل

ت) جملہ فعلیہ چارٹ

2۔ فعل ماضی معروف

الف) تعریف

ب) قواعد

ت) اِعْرَا بُ الْفِعْلُ الْمَاضِی

ث) 1) گردان /تصریف کے متعلق امور

2) گردان اور تصریف

3) چارٹس

DARULIMAAN INSTITUTE

1۔ جملہ فعلیہ

الف)

1) **فِعْل** جملہ فعلیہ کے بنیادی اکان دو ہیں۔ 1) فِعْل 2) فَاعِل

2) **اَنْوَاعُ الْفِعْل** فعل کے تین انواع ہیں۔ جیسے:

1) مَاضِیْ ⟵ دَخَلَ
2) مُضَارِع ⟵ یَدْخُلُ
3) اَمْر ⟵ أُدْخُلْ

ب)

1) **فَاعِل** وہ اسم جو کام کرنے والا ہو یا جس سے فعل سرزد ہو، یا حس میں فعل کی صفت پائی جائے۔

2) فَاعِل ہمیشہ مرفوع ہوتا ہے۔

اَنْوَاعُ الْفَاعِل

1) اسم ضمیر
- دَخَلَ ⟵ فاعل ⟵ "هُوَ" ضمیر مستتر
- دَخَلْتَ ⟵ فاعل ⟵ "تَ" ضمیر بارز

2) اسم ظاہر
- خَلَقَ اَللّٰهُ ⟵ فاعل ⟵ " اَللّٰهُ " اسم ظاہر
- أَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْن ⟵ فاعل ⟵ "اَلْمُؤْمِنُوْنَ" اسم ظاہر مرفوع بالواو

DARULIMAAN INSTITUTE
DAR UL IMAAN

ت) جملہ فعلیہ چارٹ





2۔ فعل ماضی معروف

الف) **تعریف**

فعل ماضی معروف /معلوم ،وہ فعل ہے جو کسی کام کا ہونا، گزرے ہوئے زمانے میں کرے۔

جیسے: **فَعَلَ** ۔اس ایک مرد نے کیا (الفیل:1)

خَرَجَ ۔وہ ایک مرد نکلا (القصص:21)

ب) **قواعد**

1)عربی صرف ونحو میں **تین** لحاظ سے **فعل** کی شکل بدلتی ہے۔

1) **شخص** (Person) غائب ، حاضر ، متکلم

2) **تعداد** (Number) واحد ، تثنیہ ، جمع

3) **جنس** (Gender) مذکّر ، مؤنث

2))عربی میں سب سے آسان شکل فعل ماضی،واحد **مذکّر** غائب کی ہوتی ہے۔جسے بنیادی **صیغہ** کہتے ہیں۔یہ سب سے سادہ ہے۔

3)عربی کے اکثر افعال میں عموماً **تین** حروف ہوتے ہیں ان کو(Root)یا **مادَّہ** کہتے ہیں۔

جیسے: **عَلِمَ** ۔ (البقرۃ:187)

دَخَلَ ۔ (القصص:15)

حَسُنَ ۔ (النساء:69)

4) ہر فعل میں عموماً اسی صیغہ کا استعمال ہوتا ہے۔

5) ہر لفظ کی شکل دوسرے لفظ کی شکل سے مختلف ہے ہر لفظ کی شکل کو صیغہ (word-form) کہتے ہیں۔

6) شکل بدلنے کے عمل کو اُردو اور فارسی میں " گردان " عربی میں " تَصْرِیف "اور انگریزی میں (Conjugation) کہتے ہیں۔

تَصْرِیف،مادہ، ص رف پھیرنا ،ہٹانا، تبدیل کرنا ۔

ایک مادہ سے مختلف اوزان پر نئے الفاظ بنانا" تَصْرِیف "کہلاتا ہے۔اسکے ذریعے ایک ہی لفظ کو مختلف شکلوں میں ڈھالا جاتا ہے۔

7) تمام صیغے اسی بنیادی صیغے (Forms) فعل ماضی واحد مُذکّر غائب میں تبدیلی سے بنتے ہیں۔یہ تبدیلی دو طرح سے ہوتی ہے۔

1) حرکات و سکنات

2) ایک یا چند حُروف کا اضافہ

جیسے: خَرَجَ ⟵ خَرَجْنَ (البقرۃ:240)

8) ایسا فعل جس کا فاعل جانا پہچانا یا معلوم ہو اسے "فعل مَعْرُوف یا مَعْلُوم "(Active) کہتے ہیں۔ جس فعل کا فاعل نامعلوم ہو اسے فعل مجہول (Passive) کہتے ہیں۔

جیسے:

DARULIMAAN INSTITUTE

فعل ماضی معروف معلوم ⟵ خَلَقَ (العلق:2) اس نے پیدا کیا ۔ فاعل معلوم ضمیر مستتر "هُوَ"

فعل ماضی مجهول ⟵ خُلِقَ (الانبیاء:37) اس نے پیدا کیا ۔ فاعل نا معلوم

ت)



گردان /تصریف سے متعلق اہم اُمور:

1) فعل ماضی میں 18 صیغے ہیں۔ گردان میں صرف 14 پڑھے جاتے ہیں۔

غائب: 6   مخاطب: 6   متکلم: 2

2) اتنے ہی صیغوں میں سب معنی پورے ہو جاتے ہیں اس لیے ایک ہی صیغے کو بار بار دھرایا نہیں جاتا۔ البتہ چودہ (14) صیغوں میں بھی ایک لفظ " فَعَلْتُمَا " دو دفعہ آتا ہے۔

3) ماضی کے پہلے صیغے کے علاوہ واحد کے تمام صیغوں کے آخر میں "ت" آتی ہے۔

4) تثنیہ کے تمام صیغوں کی پہچان آخر میں "ا" کا لگانا ہے۔

5) جمع مؤنّث غائب کا صیغہ جو ترتیب میں چھٹا صیغہ ہے۔ اس کا لام کلمہ ساکن ہوتا ہے۔ جیسے:

فَعَلْنَ
↓
لام کلمۃ

• اور یہ 'سکون' بعد کے تمام صیغوں پر بھی برقرار رہتا ہے یعنی کل 9 صیغوں پر۔

6) حاضر کے صیغوں کا اختتام، مرفوع ضمائر کے اختتام کی طرح ہوتا ہے۔ جیسے: أَنْتَ اور فَعَلْتَ

7) فعل کے ہر صیغے میں جو فاعل کی ضمیر ہوتی ہے ان کو "ضمائر مرفوع متّصل" کہتے ہیں۔

8) جمع مذکّر غائب " فَعَلُوْا " کے آخر میں ایک زائد الف "ا" ہوتی ہے جو لکھی جاتی ہے مگر پڑھی نہیں جاتی۔

9) جمع متکلم اور تثنیہ متکلم دونوں کا صیغہ یکساں ہوتا ہے۔

DARULIMAAN INSTITUTE

فعل ماضی معروف گردان/تصریف

متکلم 1st person		مخاطب 2nd person				غائب 3rd person				
مذکّر / مؤنّث Mas/Fem		مؤنّث Feminine		مذکّر Masculine		مؤنّث Feminine		مذکّر Masculine		جنس Gender
تُ	فَعَلْتُ میں ایک مرد/عورت نے کیا	تِ	فَعَلْتِ تو ایک عورت نے کیا	تَ	فَعَلْتَ تو ایک مرد نے کیا	تْ	فَعَلَتْ اس ایک عورت نے کیا	✗	فَعَلَ اس ایک مرد نے کیا	واحد Singular
نَا	فَعَلْنَا ہم دو مردوں/ عورتوں نے کیا	تُمَا	فَعَلْتُمَا تم دو عورتوں نے کیا	تُمَا	فَعَلْتُمَا تم دو مردوں نے کیا	تَا	فَعَلَتَا ان دو عورتوں نے کیا	ا	فَعَلَا ان دو مردوں نے کیا	تثنیہ Dual
نَا	فَعَلْنَا ہم سب مردوں/ عورتوں نے کیا	تُنَّ	فَعَلْتُنَّ تم سب عورتوں نے کیا	تُمْ	فَعَلْتُمْ تم سب مردوں نے کیا	نَ	فَعَلْنَ ان سب عورتوں نے کیا	وا	فَعَلُوْا ان سب مردوں نے کیا	جمع Plural

DARULIMAAN INSTITUTE

فعل ماضى معروف

متكلم 1st person		مخاطب 2nd person				غائب 3rd person				
مذكّر / مؤنّث Mas/Fem		مؤنّث Feminine		مذكّر Masculine		مؤنّث Feminine		مذكّر Masculine		جنس Gender
أَنَا	فَعَلْتُ	أَنْتِ	فَعَلْتِ	أَنْتَ	فَعَلْتَ	هِيَ	فَعَلَتْ	هُوَ	فَعَلَ	واحد Singular
نَحْنُ	فَعَلْنَا	أَنْتُمَا	فَعَلْتُمَا	أَنْتُمَا	فَعَلْتُمَا	هُمَا	فَعَلَتَا	هُمَا	فَعَلَا	تثنيه Dual
نَحْنُ	فَعَلْنَا	أَنْتُنَّ	فَعَلْتُنَّ	أَنْتُمْ	فَعَلْتُمْ	هُنَّ	فَعَلْنَ	هُمْ	فَعَلُوْا	جمع Plural

DARULIMAAN INSTITUTE

فعل ماضى معروف

متكلم 1st person			مخاطب 2nd person						غائب 3rd person						
مذكّر / مؤنّث Mas/Fem			مؤنّث Feminine			مذكّر Masculine			مؤنّث Feminine			مذكّر Masculine			جنس Gender
أَنَا	تُ		أَنْتِ	تِ		أَنْتَ	تَ		هِيَ	تْ		هُوَ	✗	ذَهَبَ	واحد Singular
نَحْنُ	نَا		أَنْتُمَا	تُمَا		أَنْتُمَا	تُمَا		هُمَا	تَا		هُمَا	ا		تثنيه Dual
نَحْنُ	نَا		أَنْتُنَّ	تُنَّ		أَنْتُمْ	تُمْ		هُنَّ	نَ		هُمْ	وا		جمع Plural

DARUL